# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت:دوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | | سبق کا نام:"وقت کی پابندی" | |

**مقاصد:** کسی بھی موضوع پر تقریر کر سکیں۔

لائبریری سے اپنی پسندیدہ کتاب لا کر ساتھیوں کو بتا سکیں۔

ٹائم ٹیبل ترتیب دے کر اپنے ٹائم ٹیبل کو بہتر بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 20، بچوں کے ناموں کی پرچیاں، ڈبا، چارٹ پیپر کا درخت۔

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 20 پر موجود سوال نمبر 11 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے موضوع سے متعلق بچوں کو ضروری معلومات دیں۔
- اس کے بعد جماعت کے بچوں کے چار گروہ بنا دیں اور ان کو ہدایت دیں کہ آپس میں بات چیت کریں اور ایک تقریر تیار کریں۔
- اس سرگرمی کے لیے ایک ڈبے میں بچوں کے ناموں کی پرچیاں ڈال لیں۔
- ڈبا بچوں کے سامنے کریں جس بچے کا نام نکلے اس سے دیے گئے موضوع پر تقریر سنیں۔
- دیے گئے موضوع پر اچھی تقریر کرنے والے بچے کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)



- کتاب کے صفحہ نمبر 20 پر موجود سوال نمبر 12 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر چارٹ پیپر سے بنا ہوا ایک درخت چسپاں کر دیں جس پر مناسب فاصلے سے مختلف پھلوں کی شکل کی چھوٹی چھوٹی تصویریں لگی ہوئی ہوں۔
- جن پر مختلف قسم کی کتابوں کے نام لکھیں ہوں جیسے:
- لطیفوں کی کتابیں
- کہانیوں کی کتابیں
- پہیلیوں کی کتابیں
- معلوماتی کتابیں
- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ پھر جماعت میں سے مختلف بچوں کو باری باری بلائیں اور انھیں کہیں کہ وہ اپنی پسند کے مختلف پھول چُن لیں۔
- پھول پر لکھی ہوئی کتاب کا نام پڑھیں اور اپنی پسندیدگی کی وجہ بھی بتائیں۔
- اس کے بعد استاد صاحب بچوں کی لائن بنا کر لائبریری میں لے جائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی پسند کی کتاب تلاش کریں۔

| |
|---|
| • کتاب تلاش کرنے کے بعد کتاب جماعت میں لے کر آئیں اور ساتھی طلبہ کو بتائیں کہ آپ کو یہ کتاب کیوں پسند ہے؟<br>• سب سے اچھی کتاب منتخب کرنے پر بچوں کو شاباش دیں۔<br>• اس کے بعد کتاب کے صفحہ نمبر20 پر موجود سوال نمبر12 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے استاد اپنے ایک دن کا پورا ٹائم ٹیبل بورڈ پر لکھیں۔<br>• اس کے بعد بچوں کو بتائے کہ اپنے ایک دن کا ٹائم ٹیبل اس طرح لکھا جاتا ہے۔<br>• جماعت کے بچوں کو ایک ایک شیٹ فراہم کریں اور بتائیں کہ اسی طرح اپنے اپنے ایک دن کا ٹائم ٹیبل لکھیں۔<br>• کام کرتے ہوئے بچوں کی نگرانی کریں۔ جہاں بچے مشکل محسوس کریں ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) بچوں کو مختصراً جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروادیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) متفرق بچوں سے ان کے دن بھر کے ٹائم ٹیبل کے بارے میں پوچھیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: "حمد، نعت، "حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی بچوں پر شفقت، وقت کی پابندی" | |

**مقاصد:** "جائزہ1"

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 3 تا 20

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کرکے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- آج کا پیریڈ جائزے کے لیے مخصوص ہے۔
- بچوں کو ایک بار سابقہ تصورات کا اعادہ کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (35 منٹ)

- جائزے کے تحت دی گئی تمام سرگرمیاں بچوں سے انفرادی طور پر کتابوں یا کاپیوں پر کروائیں۔
- کام کی مکمل نگرانی کریں۔ جہاں مدد کی ضرورت ان کی راہ نمائی کریں ۔
- آخر میں بچوں کا کام چیک کریں۔
- بچوں کے حاصل کردہ نمبر ساتھ ساتھ کتاب پر لکھتے جائیں۔
- درست سرگرمی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں اور جہاں ضرورت ہو وہاں اصلاح کی جائے۔

**اعادہ:**

**جائزہ:**

**گھر کا کام:**


# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت:دوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | | سبق کا نام:"ہمارا سبز ہلالی پرچم" | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/ چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر22، شیٹ، رنگین مارکر

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔
- ہر گروہ کو ایک ایک شیٹ اور دو دو تین تین رنگ برنگے مارکر دے کر ہدایت دیں کہ وہ آپس میں مل جل کر اس شیٹ پر اپنی پسند کا کوئی منظر بنائیں۔
- نمونے کو طور پر تیار شیٹ دی جارہی ہے اس قسم کی شیٹیں تیار کروائیں۔
- کام مکمل ہونے کے بعد ان مناظر کو جماعت میں آویزاں کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کتاب کے صفحہ نمبر22 اور 23 پر موجود "ہمارا سبز ہلالی پرچم" کے متن کی پڑھائی کریں گے۔
- سبق کی پڑھائی سے قبل بچوں سے متعلقہ تصویر پر بات چیت کروائیں اور بچوں سے اس کے بارے میں سوالات پوچھیں جیسے:
- تصویر میں کون کون نظر آرہا ہے؟
- وہ سب کیا کر رہے ہیں؟ آپ کے خیال میں وہ کیا باتیں کر رہے ہوں گے؟
- مختلف سوالات کی مدد سے بچوں کو پڑھائی کے لیے آمادہ کریں۔
- جوابات دینے میں ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- اس کے بعد جماعت کے بچوں کو سبق کا صفحہ نمبر22 کھولنے کو کہیں اور سبق کا پہلا پیراگراف خود پڑھ کر سُنائیں۔
- ہر جملہ درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔ بچوں کو ساتھ ساتھ پڑھنے کے لیے کہیں۔
- اس دوران میں خیال رکھیں کہ ہر بچے کی انگلی کتاب پر ہو اور وہ ہل ہل کر نہ پڑھتے ہوں۔
- اس کے بعد جماعت کے تمام بچوں سے سبق کے متن کی دو دو لائنوں کی پڑھائی کروائیں اور اسی طرح صفحہ 23 کی بھی پڑھائی کروائیں۔
- تاکہ سبق کی تکمیل ممکن ہو سکے۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق "ہمارا سبز ہلالی پرچم" کے بارے میں بتائیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) جماعت کے ان بچوں کو چنیں جن کو پڑھنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ ان کو جماعت کے سامنے بلا کر سبق کے مختلف پیراگراف کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے متن کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت: دوم | مضمون: اردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | | سبق کا نام: "ہمارا سبز ہلالی پرچم" | |


**مقاصد:** الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 24، الفاظ اور معانی پر مبنی پرچیاں، پاسا (dice)

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے بچوں سے سبق "ہمارا سبز ہلالی پرچم" سے متعلق چند سوال کریں جیسے:
- ہمارا قومی پرچم کتنے رنگوں پر مشتمل ہے؟
- ہمارا پیارا ملک کب معرض وجود میں آیا؟
- ہمارے پیارے ملک کے بانی کون ہیں؟
- بچوں سے ان تمام سوالات کے جواب حاصل کریں اور درست جواب دینے پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)



- کتاب کے صفحہ نمبر 24 پر موجود نئے الفاظ کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں کو پہلے "نئے الفاظ" اور ان کے معانی تفصیل سے سمجھادیں۔
- اس کے بعد کچھ بچوں کو الفاظ اور کچھ کو معانی پر مشتمل پرچیاں دیں۔
- اب بچوں کو یہ پرچیاں کھولنے کے لیے کہیں۔
- پرچی کھولنے کے بعد سب بچے باری باری اپنی پرچی پر لکھا ہوا لفظ با آوازِ بلند پڑھیں تا کہ باقی بچے بھی سن سکیں۔
- بعد ازاں الفاظ پر مشتمل پرچیوں والے بچوں کو ایک قطار میں اور معانی پر مشتمل پرچیوں والے بچوں کو دوسری قطار میں کھڑا کریں۔
- پہلی قطار کا ایک بچہ اپنی پرچی پر لکھا لفظ بولے، جبکہ دوسری قطار میں موجود وہ بچہ جس کے پاس اس لفظ کے معانی والی پرچی ہو وہ ہاتھ کھڑا کرے اور لفظ والے بچے کے ساتھ جوڑا بنا کر کھڑا ہو جائے۔
- اس سرگرمی کے تحت تمام الفاظ معانی کے جوڑے بنائیں اور بعد ازاں انھیں بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- اس دل چسپ سرگرمی سے بچوں کو الفاظ معانی جلدی اور آسانی سے یاد ہو جائیں گے۔
- اس کے بعد بچوں کو الفاظ معانی تفصیل سے سمجھادیں۔
- بورڈ پر "نئے الفاظ" سرگرمی میں موجود تمام الفاظ لکھ دیں اور باری باری ان الفاظ کے معانی تفصیل سے سمجھادیں۔ اس کے بعد ایک پاسا یعنی dice تیار کر لیں۔
- اب بچوں کے سامنے ایک پاسا رکھیں، جس پر "نئے الفاظ" کی سرگرمی میں موجود تمام الفاظ پر مشتمل کاغذ کی پرچیاں گلو کی مدد سے چسپاں ہوں۔

| |
|---|
| • جماعت کے کسی بچے کو بلائیں اور اسے کہیں کہ وہ پاسا گھما کر فرش پر پھینکے۔<br>• پھر اس پر جو لفظ آئے، اس کا معانی بتائے اور اس سے متعلقہ کوئی با معانی جملہ بھی بنائے۔<br>• اگر وہ غلط بتائے تو کسی اور بچے کو موقع دیا جائے۔ جو بچے درست معانی اور درست جملے بنائیں، ان کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق "ہمارا سبز ہلالی پرچم" کے الفاظ معانی کے بارے میں بتائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے معانی لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے الفاظ معانی کی مشق کر کے آنی ہے۔ اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

# ورک شیٹ

درج ذیل الفاظ کے معانی لکھیں۔

| لفظ | معنی |
|---|---|
| متعلق | |
| مشتمل | |
| علامت | |
| خودمختاری | |
| ڈیزائن | |
| عظمت | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت:دوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | | سبق کا نام:"ہمارا سبز ہلالی پرچم" | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 24، شیٹس

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے گذشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ آج ہم سبق "ہمارا سبز ہلالی پرچم" کی مشق کا آغاز کریں گے۔
- اس کے لیے جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔
- ان کا ایک ایک لیڈر بھی مقرر کر دیں۔
- دونوں گروہوں کو ایک دوسرے کا سبق سننے کو کہیں۔
- جو گروہ یہ کام جلدی مکمل کرلے گا وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)



- کتاب کے صفحہ نمبر 24 پر موجود سوال نمبر 1 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے جماعت کے بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- چاروں گروہوں کو ایک ایک شیٹ دے دیں، جس پر "ہمارا سبز ہلالی پرچم" کے بارے میں مشق کے سوالات اور ان کے جوابات لکھے ہوں۔
- تمام گروہوں کو ایک جیسے سوالات کی شیٹس دیں۔
- بچوں کو کچھ وقت دیں کہ وہ ان سوالات اور ان کے جوابات کو غور سے پڑھ لیں۔
- مقررہ وقت کے بعد استاد وہ تمام شیٹس بچوں سے واپس لے لیں۔
- اب ہر گروہ کے سامنے ایک ایک گھنٹی رکھ دیں۔
- استاد وضاحت فرمادیں کہ جیسے ہی استاد صاحب اپنا سوال مکمل کریں بچے گھنٹی بجا کر اپنا جواب بتانے کے لیے تیّار ہو جائیں۔
- گھنٹی بجانے کے بعد بھی اگر وہ گروہ جواب نہ دے پائے یا پھر غلط جواب دے تو اس گروہ کا ایک نمبر کاٹ لیا جائے۔
- درست جواب دینے کی صورت میں اس گروہ کو ایک سوال کا ایک نمبر دے دیا جائے۔
- تختہ تحریر پر چاروں گروہوں کے نمبروں کا ریکارڈ ساتھ ساتھ لکھا جائے۔
- سرگرمی کے اختتام پر جس گروہ کے سب سے زیادہ نمبر ہوں اس گروہ کے بچوں کو سنہری ستاروں والے کارڈ دیے جائیں۔

| |
|---|
| • اس کے علاوہ جس بچے نے سب سے زیادہ جواب دیے ہوں چاہے وہ فاتح گروہ سے نہ بھی ہو اس بچے کی بھی حوصلہ افزائی کے لیے کوئی انعام دیا جائے۔<br>• اب تختہ تحریر پر صفحہ نمبر 24 کے سوال نمبر ا کے تحت دیے گئے تمام سوال لکھیں۔<br>• بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔<br>• بچوں کی مدد سے درست جواب لکھیں اور ان کی خواندگی کروائیں۔<br>• بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کاپیاں نکالیں اور ان پر سوالات کے جوابات لکھیں۔<br>• اس دوران میں ان کی نگرانی کریں اور جہاں انھیں مشکل پیش آئے ان کی مدد کریں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً "ہمارا سبز ہلالی پرچم" کے سوالات کے جوابات بتادیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر سبق سے متعلق چند سوال لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جوابات لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے متن کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔ |

# ورک شیٹ

2۔ دیے گئے سوالات کے جواب لکھیں۔

الف۔ کسی بھی ملک کے لیے قومی پرچم کس چیز کی علامت سمجھا جاتا ہے؟

______________________________

ب۔ پاکستان کے قومی پرچم کا ڈیزائن کس نے بنایا تھا؟

______________________________

ج۔ پاکستان کا قومی پرچم پہلی بار کب لہرایا گیا؟

______________________________

الف۔ پاکستان کے قومی پرچم پر بنا چاند ستارا کس کی علامت ہے؟

______________________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: | یونٹ:2 | جماعت:دوم | مضمون:اردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | | سبق کا نام:" | |

**مقاصد:** درست جواب کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط اور درست جملوں کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ صفحہ نمبر 25،24 "ہمارا سبز ہلالی پرچم" شیٹس، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اس کے بعد بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور دونوں گروہ کو ایک ایک شیٹ دیں جس پر "ہمارا سبز ہلالی پرچم" سے متعلق دو دو سوالات لکھے ہوں۔
- ایک گروہ کے بچوں سے کہیں کہ وہ دوسرے گروہ کے بچوں سے دی گئی شیٹ پر لکھے ہوئے سوالات پوچھیں۔
- اسی طرح یہ سرگرمی دوسرے گروہ کے بچوں سے بھی کروائیں۔
- جس گروہ کے بچے زیادہ سوالوں کے درست جواب دیں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے اور انھیں بہترین طلبہ کے اعزازی کارڈ دیے جائیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار:(25منٹ)





- کتاب کے صفحہ نمبر 24اور 25 پر موجود مشق کے سوال نمبر 2 کی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے دیے گئے سوالات کی پانچ پرچیاں اس طرح سے بنائیں کہ ہر سوال کے سامنے تین تین ڈبے بنے ہوں، جن میں سوالات کے ممکنہ تین تین جوابات لکھے ہوں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں۔ ان گروہوں کا ایک ایک لیڈر بھی بنا دیں۔
- ایک ٹوکری میں پانچوں پرچیاں بند کر کے رکھ دیں۔
- اب باری باری یہ ٹوکری پانچوں گروہوں کے پاس لے جائیں اور ان کے لیڈروں سے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے ان میں سے کوئی بھی ایک پرچی اٹھا لیں۔
- ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی پرچیاں کھول کر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا درست جواب مل کر سوچیں اور پھر باہم مشورے سے اس کے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر کتاب کے صفحہ نمبر 24اور 25 پر موجود مشق کے سوال نمبر 2 کے سوالات اور ان کے ان کے ممکنہ جوابات سامنے لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی سوال بولیں۔
- جس گروہ کے پاس اس سوال پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس سوال کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی سوالات پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔

- جس گروہ کے بچے جلد درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے۔
- اگلی سرگرمی کے لیے بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 3 میں دیے گئے جملوں کے کارڈ دے دیں جن میں لفظ لکھنے کی جگہ خالی ہو۔
- اس کے علاوہ ہر گروہ کو خالی جگہ پر کرنے کے لیے دو دو لفظوں کی پرچیاں بھی دیں جن میں سے ایک لفظ درست اور دوسرا غلط ہو۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں، پھر پرچیوں پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں اور ان میں سے درست الفاظ چن کر ان کی مدد سے خالی جگہ پر کریں۔
- اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر وہی جملے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے جملوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا جملہ آیا تھا؟
- پھر خالی جگہ میں درست لفظ لکھ کر جملہ مکمل کرے اور اس کی خواندگی کرے۔
- اسی طرح یہ سرگرمی باقی جملوں پر مختلف گروہوں کے بچوں سے کرواتے ہوئے تمام جملے مکمل کروائیں۔
- جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہوگی، اس کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروا دیں۔

**جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر چند نامکمل جملے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان جملوں کی تکمیل کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے متن کی مشق کر کے آنی ہے۔